# کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس

# اشتہار نیلام عام

خواہشمند حضرات کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ ادارہ ہذا کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس میں استعمال شدہ امتحانی جوابی صفحات (جوابی کتب/ کاپیاں بمعہ خاکی لفافے) اور گتے کا سٹاک موجود ہے جن کو نیلام کرنا مقصود ہے۔ سٹاک آرٹیکلز کی نیلامی کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس میں مورخہ 19 اگست 2025ء بروز منگل بوقت 11:30 بجے دوپہر شروع ہوگی۔

مورخہ 19 اگست 2025ء بروز منگل بوقت 11:00 بجے دن تک نیلامی میں حصہ لینے کے خواہش مند بولی دہندگان کا اندراج کیا جائے گا۔ بولی دہندگان اصل قومی شناختی کارڈ اور اُس کی ایک عدد فوٹو کاپی ضرور ساتھ لائیں۔ دن 11 بجے کے بعد کسی خریدار کو بولی میں شامل نہ کیا جائے گا۔

## سٹاک آرٹیکلز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ امتحانی جوابی صفحات 2۔ گتہ وغیرہ

## شرائط و ضوابط:

1۔ استعمال شدہ اشیاء/سٹاک آرٹیکلز جتنی تعداد میں جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر نیلام کیا جائے گا۔
2۔ بولی دہندہ نیلامی سے پہلے -/5,000 روپے جمع کروائے گا جو کہ قابل واپسی ہونگے۔
3۔ بولی کی حتمی منظوری جناب کنوینر آکشن کمیٹی سے ہوگی۔
4۔ کامیاب بولی دہندہ کو 25 فیصد رقم موقع پر جمع کروانا ہوگی۔
5۔ امتحانی جوابی صفحات صرف ری سائیکل کئے جائیں گے اس کے علاوہ یہ کسی اور مقصد کیلئے استعمال نہیں کئے جائیں گے۔
6۔ کامیاب بولی دہندہ جوابی کتب کو براہ راست ری سائیکلنگ تک لے جانے اور تمام جوابی کتب کو اپنی ذاتی نگرانی میں ری سائیکل کروانے کا ذمہ دار ہوگا۔
7۔ کامیاب بولی دہندہ جوابی کتب ادارہ ہذا سے حاصل کرنے کے بعد ان ساری جوابی کتب کی ری سائیکلنگ کا عمل مکمّل ہونے تک ان کی رازداری اور سکیورٹی کو یقینی بنائے گا۔
8۔ کامیاب بولی دہندہ جوابی کتب اٹھانے سے پہلے، اس اشتہار نیلام عام میں درج تمام شرائط وضوابط پر مکمّل عمل درآمد کی تحریر بمعہ دستخط اور نشان انگوٹھا نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ -/300 روپے مالیت کے اسٹام پیپر پر ادارہ ہذا کو جمع کروائے گا۔
9۔ نیلامی میں حصہ لینے والا کوئی بھی بولی دہندہ بولی کو مسترد یا تبدیلی کو چیلنج نہیں کر سکے گا یہ حق صرف ادارہ ہذا کی آکشن کمیٹی کو حاصل ہے۔
10۔ نیلامی/بولی کے دوران نظم وضبط میں خلل ڈالنے یا دیگر کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف ہر قسم کی قانونی چارہ جوئی وا یکشن کے اختیارات ادارہ ہذا کی آکشن کمیٹی اور انتظامیہ کے پاس محفوظ ہیں۔
11۔ نیلامی کی حتمی منظوری پر رقم 7 دن کے اندر گورنمنٹ ٹیکس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی، نیلامی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ اپنے سامان کی حفاظت کا خود ذمہ دار ہوگا اور سامان 7 دن کے اندر اٹھانے کا پابند ہوگا۔
12۔ اگر کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی تاریخ سے سات دن کے اندر کل رقم جمع کرواکے جوابی کتب و دیگر میٹریل (گتہ وغیرہ) یونیورسٹی سے نہیں اٹھاتا تو اس کا زر بیعانہ اور جمع کرائی گئی ساری رقم ضبط کر کے دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو کل رقم جمع کروانے کو کہا جائے گا اور کامیاب بولی دہندہ کو کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہوگا۔
13۔ بولی میں تشریف آوری کیلئے کوئی TA/DA یا کھانے کا انتظام نہیں ہوگا۔
14۔ بولی میں کامسیٹس یونیورسٹی کے ملازمین حصہ نہیں لے سکتے۔
15۔ بولی کی رقم بغیر ٹیکس تصور ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کی حالیہ پالیسی کے مطابق رائج الوقت تمام ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
16۔ یہ اشتہار ادارہ ہذا کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

**المشتہر**

آکشن کمیٹی، کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس

0307-6921111 / 0312-2211119